سجدہ کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

مجیب: ابو حفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2058

تاریخ اجراء: 23 ربیع الاول 1445 ھ/10 اکتوبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

سجدہ کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

نماز کا فرض سجدہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سجدہ میں جاتے ہوئے پہلے گھٹنے رکھے جائیں، پھر ہاتھ، پھر ناک پھر پیشانی۔ اور دونوں ہاتھ، چہرہ کے برابر میں اس طرح ہوں کہ انگوٹھے کانوں کی سیدھ میں ہو جائیں اور انگلیوں کا رخ قبلہ کی طرف کر دے اور سجدے سے اٹھنے میں اس کا عکس کرے یعنی پہلے پیشانی اٹھائے، پھر ناک، پھر ہاتھ اور پھر گھٹنے۔ نیز مرد کیلئے سجدہ میں سنت یہ ہے کہ وہ اپنے بازو کروٹوں سے، پیٹ رانوں سے جدا رکھے، اور کلائیاں زمین پر نہ بچھائے، ہاں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کی صورت میں جب صف میں ہو تو اب بازو کروٹوں سے جدا نہ کرے۔ اور عورت سمٹ کر سجدہ کرے یعنی بازو کو کروٹوں سے، پیٹ کو رانوں سے، رانوں کو پنڈلیوں سے اور پنڈلیوں کو زمین سے ملا دے۔

بہار شریعت میں ہے: ”سجدہ میں جائے تو زمین پر پہلے گھٹنے رکھے پھر ہاتھ پھر ناک پھر پیشانی اور جب سجدہ سے اٹھے تو اس کا عکس کرے یعنی پہلے پیشانی اٹھائے پھر ناک پھر ہاتھ پھر گھٹنے۔۔۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب سجدہ کو جاتے، تو پہلے گھٹنے رکھتے پھر ہاتھ اور جب اٹھتے تو پہلے ہاتھ اٹھاتے پھر گھٹنے۔ اصحاب سُنن اربعہ اور دارمی نے اس حدیث کو وائل ابن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (بہار شریعت، جلد1، حصہ3، صفحہ528، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

بہار شریعت ہی میں ہے: ”مرد کے لیے سجدہ میں سنت یہ ہے کہ بازو کروٹوں سے جدا ہوں، اور پیٹ رانوں سے اور کلائیاں زمین پر نہ بچھائے، مگر جب صف میں ہو تو بازو کروٹوں سے جدا نہ ہوں گے۔۔۔ (مگر) عورت سمٹ کر سجدہ

کرے، یعنی بازو کروٹوں سے ملادے، اور پیٹ ران سے، اور ران پنڈلیوں سے، اور پنڈلیاں زمین سے۔ملتقطاً"(بہار شریعت، جلد1، حصہ3، صفحہ 529-528، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net